hing 2023-24/Talbi Qutation 2023-24.inp

طلبی کوٹیشن

دفتر تربیتی اِدارہ اِصلاح آبپاشی پنجاب، لاہور PRIAT,CAD-JIP,NPIW-II ودیگر ترقیاتی منصوبہ جات کے تحت پنجاب میں مختلف تربیتی کورسز دوران مالی سال 2023-24 اِنعقاد کرنے کا اِرادہ رکھتا ہے جس میں آفیسرز، ٹیکنیشنز، زمینداران ودیگرشرکت کریں گے۔ان کورسز کا اِنعقاد دفتر تربیتی اِدارہ اِصلاح آبپاشی پنجاب، لاہور اور اصلاح آبپاشی تحقیقاتی فارم، رینالہ خورد یا کسی اور مخصوص سنٹر پر ہوگا۔جس میں شرکاء کی تعداد تقریباً 25 افراد فی کورس (کمی بیشی کے ساتھ) ہوگی۔شرکاء کے کھانے کا انتظام کرنے کیلئے دفتر ہذا کو فی کس فی دن کے حساب سے تجربہ کار اور اچھی شہرت کے حامل سیلز ٹیکس، پنجاب سیلز ٹیکس، اِنکم ٹیکس اور پنجاب فوڈ اتھارٹی سے رجسٹرڈ ٹھیکیداران/ کیٹرنگ/ پکوان سروسز والوں سے Punjab Procurement Rules, 2014 شق نمبر 38(1) "سنگل سٹیج ون اینویلوپ پروسیجر" کے تحت کوٹیشنز درکار ہیں۔ٹینڈر دستاویزات بمعہ ہدایات پنجاب فوڈ اتھارٹی بعوض مبلغ -/1000 روپے بصورت پے آرڈر ر بنک ڈرافٹ دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں وصول کی جاسکتی ہیں جن کے مطابق کھانا مہیا کرنا ہوگا۔کوٹیشن دہندہ مذکورہ خدمات کے لئے زیرِ دستخطی کیساتھ ایک معاہدہ کرے گا۔کوٹیشن کے ساتھ مبلغ -/500,000 روپے کا کال ڈیپازٹ بطور زرضمانت لازمی جمع کروانا ہوگا جو کہ کامیاب ٹھیکیدار کو معاہدہ کی تکمیل کے بعد قابلِ واپسی ہوگا۔کوٹیشنز 06 جولائی 2023ء بروز جمعرات 10:00 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اسی دن صبح 10:30 بجے کھولی جائیں گی۔جس میں کوٹیشن دہندہ یا اُن کے مجاز نمائندگان شرکت کرسکتے ہیں۔

ناظم
تربیتی اِدارہ اِصلاح آبپاشی
پنجاب، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور
رابطہ نمبر 042-99233577

CamScanner